© rasailojaraid.com



خصوصاً انگریزی زبان میں شائع شدہ کتابیں اور مضامین اور تجزیے جس طرح وطن عزیز کو بدنام کر رہے ہیں، ان حالات میں اقبال حسین کے مضامین اور کتابیں کسی نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں۔ کہا جاسکتا ہے کہ قومیت، علاقائیت اور دولت پرستی نے پاکستان کو نقصان پہنچایا ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ اللہ تعالیٰ سے بغاوت اور اُس کے احکامات نہ تسلیم کرنے نے پاکستان کو بے وقعت کیا ہے۔ اُمید ہے پاکستان سے محبت کرنے والوں کے لیے یہ کتاب خوب صورت تحفہ ثابت ہوگی۔ (محمد ایوب منیر)

## تعارف کتب

⊙ **رسولِ اکرمؐ کے مثالی اخلاق**، تالیف: مولانا محمد ہارون معاویہ۔ ناشر: قدیمی کتب خانہ، آرام باغ، کراچی۔ فون: ۰۳۳۴-۳۰۹۰۳۹۵۔ صفحات: ۴۸۰۔ قیمت (مجلد): ۴۰۰ روپے۔ [بقول مؤلف سیرتِ رسولؐ کی سیکڑوں کتب سے استفادے کے بعد رسول اکرمؐ کے اخلاق کا مجموعہ پیش کیا گیا ہے۔ اخلاق و خصائص نبویؐ کے مفصل تذکرے کے ساتھ آپؐ کی شگفتہ مزاجی، مثالی گھریلو زندگی کے علاوہ رسولِ اکرمؐ کے تفریحی مشاغل پر مفصل مضمون بھی ہے۔ آخر میں مصادر و مآخذ کی مفصل فہرست مزید مطالعہ سیرت کے لیے مفید ہے۔]

⊙ **عزم وثبات کے کوہِ گراں (صلی اللہ علیہ وسلم)**، مؤلف: ڈاکٹر شیر محمد زمان چشتی۔ ناشر: ریجنل دعوہ سینٹر (سندھ)، کراچی، پی ایس-۱/۵، کے ڈی اے اسکیم ۳۳، احسن آباد، نزد گلشن معمار، کراچی۔ فون: ۰۲۱-۳۶۸۸۱۸۶۲۔ صفحات: ۲۴۔ قیمت: درج نہیں۔ [دین کے غلبے اور اپنے مشن کی تکمیل کے لیے نبی کریمؐ نے جس صبر و استقامت کا مظاہرہ کیا، اور قربانیاں پیش کیں، ان کا تذکرہ کرتے ہوئے حقیقی اسلامی معاشرے کے قیام کے لیے فرد اور معاشرے کی ذمہ داریوں کا تعین کیا گیا ہے۔ مؤلف نے بجا توجہ دلائی ہے کہ ہمارے قومی و انفرادی اخلاق کی گرتی ہوئی دیوار کو سہارا دینے کے لیے ہمیں اخلاقِ محمدیؐ کی دعوت کو عام کرنا ہوگا۔]

⊙ **حرفِ حرایاب**، شاعر: یونس رمز۔ ناشر: عبیر پبلی کیشنز، ۲۲-ای، کمرشل ایریا ناظم آباد، کراچی۔ صفحات: ۱۹۶۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔ [نعت، رسولِ مقبولؐ کی مدحت و توصیف کا نام ہے۔ یونس رمز کی شاعری دل کی شاعری ہے جس میں جذب و کیف کی کیفیت دل کی دنیا کو معطر کرتی ہے۔ حرفِ حرایاب میں چار حمد، ۱۵۴ نعتیں، اور چار سلام شامل ہیں۔ کلام مشکل ضرور ہے لیکن تنوع اور نیاپن لیے ہوئے ہے۔]

⊙ **عظیم تر پاکستان (عالمی اخلاقی نظام اور امنِ عالم)**، سیّد مسعود اعجاز بخاری۔ ناشر: مجلس تحقیق فکر و فلسفہ پاکستان، ۳۲/۱اے، سیکٹر بی تھری، پارٹ سیکنڈ، میرپور آزاد کشمیر۔ صفحات: ۱۷۶۔ قیمت: ۳۵۰ روپے۔ [ملک و ملّت کو درپیش مسائل کا تجزیہ کرتے ہوئے مصنف نے نظریاتی اساس کے استحکام پر زور دیا ہے۔ اسلام، دوقومی نظریے اور علامہ اقبال اور قائداعظم کے افکار کی روشنی میں مسائل کے حل کے لیے رہنمائی دی ہے۔ ایک محبّ وطن پاکستانی کے جذبات کی ترجمانی پر مشتمل مضامین کا مجموعہ غور و فکر اور عمل کے لیے تحریک دیتا ہے۔]

© rasailojaraid.com